باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ بیتاب
DAILY BEATAB LAHORE
لاہور
چیف ایڈیٹر
محمد زکی یاصر
ایڈیٹر
سردار مراد علی خان
اوور سیز ایڈیٹر: محمد عارف
www.dailybeatab.com
27-01-2026

# وفاقی محتسب کے قیام کے 43 سال مکمل ہو گئے

## وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کا نمونہ بن کر سامنے آیا ہے۔اعجاز احمد قریشی

### 43 سال کے دوران ساڑھے 25 لاکھ سے زائد شکایت کنندگان کی داد رسی کی گئی۔وفاقی محتسب

لاہور (بیتاب نیوز) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال آج 24 جنوری 2026ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔اس موقع پر ریجنل آفس لاہور میں ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی سربراہی جناب عبدالحمید رازی سینئیر ایڈوائزر انچارج نے کی۔تقریب میں تمام افسران اور اسٹاف نے شرکت کی۔ریاض حمید چوہدری، ڈائریکٹر جنرل نے تقریب میں وفاق محتسب اعجاز احمد قریشی صاحب کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ بعد ازاں سینئیر ایڈوائزر انچارج نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ 43 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد سمیت ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 28 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے ارکان کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا، جسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔اپنی مسلسل کوششوں کے ذریعے ادارے نے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابداہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس پورے عرصے کے دوران، ادارے نے اپنی رسائی اور پہنچ کو بڑھانے کے لئے مسلسل کوشش کی ہے تا کہ عام لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب انصاف کی فراہمی کو آسان بنایا جا سکے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ 43 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ ساڑھے 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کر چکا ہے جن کی اکثریت کا تعلق معاشرے کے پسے ہوئے طبقے اور ملک کے دور دراز علاقوں سے ہے۔سال 2025ء میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کے فیصلے کئے۔شکایات میں یہ مسلسل اضافہ نئے علاقائی دفاتر کے قیام، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور آئی آر ڈی جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔انھوں نے کہا کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ یہ ادارہ آج جس بلندی پر فائز ہے، وہ ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر میں ان کے ساتھیوں کی انتھک محنت کے بغیر ممکن نہ تھا۔انہوں نے افسران اور عملے کے ارکان پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے اپنی کوششوں کو دو چند کر دیں۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ دفتر آنے والے دنوں میں مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جائے گا۔